سوال

(546) زکواۃ کے روپے سے اخبار جاری کرایا جاسکتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

زکواۃ کے روپے سے اخبار جاری کرایا جاسکتا ہے۔؟ نیز صدقہ فطر یا قربانی کی کھال فروخت کرکے اس رقم سے اخبار جاری کرایا جاسکتا ہے۔ یا ایسی رقوم کنوو غیرہ میں لگا سکتے ہیں کہ نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

کسی غریب شائق کے نام اخبار جاری کرادے تو جائز ہے۔اپنےلئے مال زکواۃ سے اخبار جاری نہیں کراسکتے۔

شرفیہ

زکواۃ یا صدقہ فطر یا کھال قربانی سب غریب مسکین و مستحقین کا حق ہے۔ ان کے سوا کسی اور میں لگانا جائز نہیں۔ انہیں کو دینا لازم ہے۔ طرق مزکور فی السوال کے طور پر صرف کرنا ثابت نہیں۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 01 ص 696